# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

# Notice of Extraordinary General Meeting

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting (EOGM) of the shareholders of Attock Cement Pakistan Limited (the "Company") will be held on May 25, 2023 at 11:00 a.m. at Marriott Hotel, Karachi and through video link to transact the following special business:

To consider and if deemed fit, to pass the following resolutions:

**Disposal of 18,000,000 Shares held by the Company in its Subsidiary Saqr-Al-Keetan**

"**RESOLVED THAT** approval of the members of the Company be and is hereby accorded and the Company is hereby authorized to sell 18,000,000 Shares ("Sale Shares"), representing 60% of the entire share capital of Saqr Al-Keetan for Cement Production Company Limited, a company incorporated and existing under the laws of Iraq having its registered office at House No. 35, Square 29, Near Al Buradia Super Market, Al Rbeea District Al Buradia, Basra, Iraq ("Saqr-Al-Keetan"), to two (02) buyers i.e. (1). Mr. Abdul Lateef Mohsin Al Geetan an Iraqi national, purchasing 50% of the sale shares being 9,000,000 shares and (2). M/s Lamassu Babylon General Trading Company, a company incorporated under the laws of Dubai, UAE, purchasing 50% of the sale shares being 9,000,000 shares (collectively, the "Buyers") against a sale consideration of USD 11,700,000/- **each** (collectively, the 'Sale Price') in accordance with the terms of the Share Purchase Agreement.

**FURTHER RESOLVED THAT** the approval of the shareholders of the Company be and is hereby accorded for the Company to enter into a Share Purchase Agreement with, inter alios, the Buyers, for the sale of the Sale Shares representing 60% shares held by the Company in Saqr-Al-Keetan against the sale price.

**FURTHER RESOLVED THAT** as approved by the Board of Directors of the Company in the meeting held on April 27, 2023, Mr. Babar Bashir Nawaz, Chief Executive Officer, Mr. Irfan Amanullah, Company Secretary and Mr. Muhammad Rehan, Chief Financial Officer be and are hereby empowered and authorized to do all acts, matters, deeds and things, take any or all necessary actions including negotiating, finalizing and signing and execution of agreement(s) including the Share Purchase Agreement and to complete all the regulatory, legal and other formalities including filing of any notices or applications with the State Bank of Pakistan, to the extent applicable, or any other authority as may be necessary or incidental or expedient for the purpose of the foregoing sale of Sale Shares held by the Company in Saqr- Al-Keetan either singly or jointly by any two of them."

A Statement of Material Facts covering the abovementioned Special Business, as required under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 423(I) / 2018 dated April 03, 2018 is being sent to the members with this notice.

By Order of the Board

**IRFAN AMANULLAH**
Company Secretary

Karachi:
May 04, 2023

**Participation in Extraordinary General Meeting (EOGM) through Electronic Means:**

The shareholders intending to participate in the meeting via video link are hereby requested to share following information with the office of Company Secretary (communication modes are mentioned below) earliest but not later than 48 hours before the time of the EOGM i.e. before 11:00 a.m. on May 23, 2023.

**Required information:**
Shareholder Name, CNIC Number, Folio/CDC Account No., Mobile Phone Number and Email Address. Shareholders are requested to provide active mobile number and email address to ensure timely communication.

**Modes of Communication:**
The above mentioned information can be provided through following modes:

a) Mobile/WhatsApp: 0308-0972181

b) Email: eogm2023@attockcement.com

Video link details and login credentials (ZOOM Application) will be shared with those shareholders who will provide their intent to attend the meeting containing all the particulars as mentioned above on or before May 23, 2023 by 11:00 a.m.

**Notes:**

1. The Register of members and share transfer books of the Company will remain closed from May 18, 2023 to May 25, 2023 (both days inclusive).
2. Only those members whose names appear in the register of members of the Company as on May 17, 2023 are entitled to attend and vote at the meeting.
3. Members are requested to notify any changes in their addresses immediately.

**For appointing proxies:**

- A member entitled to attend, speak and vote may appoint any other person as his / her proxy to attend, speak and vote on his / her behalf. Proxies must be received at the Registered Office of the Company duly signed not later than 48 hours before the time of holding the meeting.
- The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
- Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners shall be furnished with the proxy form.
- In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.
- Proxies attending meeting on behalf of members are also required to provide below information in case they will be attending the meeting through video link. Video link details and login credentials will be shared with proxy after verification.

**Required information:**

Name of Proxy, CNIC Number, Folio / CDC Account No. of Member, active Mobile Phone Number and Email address of proxy.

**Consent for Video Conference Facility:**

In accordance with Section 132(2) of the Companies Act, 2017 if the company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing in a geographical location to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of Extraordinary General Meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility a request is to be submitted to the Company Secretary on given address:

The Company Secretary,
Attock Cement Pakistan Limited,
D-70, Block-4, Kehkashan-5,
Clifton, Karachi.

▲

40cmx4col.

# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

FALCON CEMENT

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

## غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'') کا غیر معمولی اجلاسِ عام مؤرخہ 25 مئی، 2023 بوقت صبح 11:00 بجے میریٹ ہوٹل کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل خصوصی کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

درج ذیل قراردادوں پر غور وخوض اور موزوں سمجھے جانے پر ان کی منظوری دینا:

**کمپنی کی ملکیت میں موجود ذیلی کمپنی صقر الکیطان کے 18,000,000 حصص کی فروخت:**

''طے پایا ہے کہ کمپنی کے ممبران بذریعہ ہٰذا اتفاق کرتے ہیں اور کمپنی کو بذریعہ ہٰذا اجازت دی جاتی ہے کہ وہ صقر الکیطان فارسیمنٹ پروڈکشن کمپنی لمیٹڈ (''صقر الکیطان'')، جو کہ عراقی قوانین کے تحت قائم کردہ اور موجودہ کمپنی ہے جس کا رجسٹرڈ دفتر ہاؤس نمبر 35، اسکوائر 29، نزد البریدہ سپر مارکیٹ، الربیعہ ڈسٹرکٹ، البریدہ، بصرہ، عراق میں واقع ہے، کے 18,000,000 حصص (''قابل فروخت حصص'') جو مجموعی حصص کا 60% ہے، کو دو (02) خریداروں یعنی (1) جناب عبداللطیف محسن الگیتان، عراقی شہری، جو 50 فیصد یعنی 9,000,000 حصص خرید رہے ہیں اور (2) M/s Lamassu Babylon General Trading Company، جو دبئی، متحدہ عرب امارات کے قوانین کے تحت قائم کردہ کمپنی ہے بقایا 50 فیصد یعنی 9,000,000 حصص خرید رہی ہے (جنہیں مجموعی طور پر ''خریدار'' کہا جائے گا)، کو شیئر پرچیز ایگریمنٹ کے مطابق 11,700,000 امریکی ڈالر فی کس (دونوں کے مجموعہ کو ''قیمت فروخت'' کہا جائے گا) کے عوض فروخت کرے گی۔

**مزید طے پایا ہے** کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز بذریعہ ہٰذا کمپنی کو اپنی ذیلی کمپنی صقر الکیطان میں موجود اپنے 60 فیصد قابل فروخت حصص کی قیمت فروخت کے عوض فروخت کے لئے خریداروں کے ساتھ خرید وفروخت کے ایک معاہدے میں شامل ہونے کی منظوری دیتے ہیں۔

**مزید طے پایا ہے** کہ، جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 27 اپریل، 2023 میں منظور کیا تھا، جناب بابر بشیر نواز، چیف ایگزیکٹیو آفیسر، جناب عرفان امان اللہ، کمپنی سیکریٹری اور جناب محمد ریحان، چیف فنانشل آفیسر کو بذریعہ ہٰذا انفرادی طور پر یا ان میں سے دو افراد کو مشترکہ طور پر صقر الکیطان میں موجود کمپنی کے قابل فروخت حصص کی فروخت کی موجودہ کارروائی کی تکمیل کے مقصد کے لئے ضروری یا لازمی یا مناسب کوئی بھی یا تمام ضروری امور، معاملات، افعال اور اشیاء انجام دینے اور تمام ضروری کارروائیاں، اور شیئر پرچیز ایگریمنٹ سمیت تمام معاہدوں پر گفت وشنید، ان کی تکمیل، دستخط اور عمل درآمد اور تمام ریگیولیٹری، قانونی اور دیگر تقاضوں بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا دیگر اتھارٹیز کو کسی بھی قسم کے نوٹسز اور درخواستیں جمع کروانے، جس حد تک قابل اطلاق ہوں، کا مجاز قرار دیا جاتا ہے۔''

مذکورہ بالا خصوصی کارروائی سے متعلق مادی حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھیجا جا رہا ہے، جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134، اور ساتھ پڑھے جانے والے SRO 423(I)/2018 مؤرخہ 03 اپریل، 2018 کا تقاضا ہے۔

بحکم بورڈ

عرفان امان اللہ<br>(کمپنی سیکریٹری)

کراچی 04 مئی، 2023

**غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت:**

جو شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں حصّہ لینا چاہتے ہیں ان کی مندرجہ ذیل معلومات کمپنی سیکریٹری کے آفس (رابطہ کے ذرائع ذیل میں درج ہیں) میں غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے 48 گھنٹہ قبل یعنی مؤرخہ 23 مئی، 2023 کو دن 11:00 بجے تک موصول ہو جانی چاہئیں۔

**درکار معلومات:**

شیئر ہولڈرز کا نام، قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر، فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ زیرِ استعمال فعال موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس دیں تا کہ بروقت رابطہ ممکن بنایا جا سکے۔

**رابطہ کے ذرائع:**

مندرجہ بالا معلومات درج ذیل طریقے سے مہیا کی جاسکتی ہیں:

a) موبائل/ واٹس ایپ: 0308-0972181

b) ای میل ایڈریس: eogm2023@attockcement.com

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور زوم ایپلی کیشن میں کنکشن کے لیے login آئی ڈی دلچسپی رکھنے والے اُن حصص یافتگان کو مہیا کی جائیں گی جو مندرجہ بالا درکار معلومات 23 مئی 2023 کو صبح 11:00 بجے تک یا اس سے قبل کمپنی کو فراہم کریں گے۔

**نوٹس:**

1) کمپنی کے ممبران کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 18 مئی، 2023 سے 25 مئی، 2023 تک بند رہیں گے (دونوں ایاّم شامل ہیں)۔

2) صرف وہی ممبران اجلاس میں شرکت اور ووٹ کاسٹ کرنے کے اہل ہوں گے جن کے نام 17 مئی 2023 کو کمپنی کے رجسٹر پر موجود ہوں گے۔

3) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی سے کمپنی کو بروقت مطلع کریں۔

**قائم مقام کی تقرری کے لئے:**

i) شیئر ہولڈر جو اجلاس میں شرکت کرنے، بات کرنے اور ووٹ کاسٹ کرنے کا مجاز ہو وہ کسی دوسرے شخص کو اپنا قائم مقام مقرر کر سکتا/ کر سکتی ہے جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت، بات اور ووٹ کاسٹ کر سکے۔ دستخط شدہ تقرری نامہ غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹہ قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے جن کے نام، ایڈریس اور CNIC نمبر پراکسی فارم پر درج کیے جائیں گے۔

iii) بینی فیشل آنرز اپنی تصدیق شدہ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرے گا/ گی۔

iv) کارپوریٹ شیئر ہولڈر کی صورت میں کمپنی کو، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، امیدوار کے شخصی دستخط کے ساتھ اجلاس کے وقت (تاوقتیکہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کرنا ہوگی۔

v) شیئر ہولڈر کے قائم مقام جو اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کریں گے وہ مندرجہ ذیل مزید معلومات مہیا کریں گے جن کی تصدیق کے بعد ہی قائم مقام کو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے لیے LOGIN ID کی تفصیلات مہیا کی جائیں گی۔

**درکار معلومات:**

قائم مقام کا نام، CNIC نمبر، ممبر کا فولیو / CDC اکاونٹ نمبر، زیرِ استعمال فعال موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس۔

**راضی نامہ برائے ویڈیو کانفرنس کی سہولت:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)132 کے تحت اگر کمپنی کو جغرافیائی محلِ وقوع کے حامل ممبران (جن کی شیئرز کی ملکیت کی شرح 10% یا زائد ہو) کی جانب سے غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے 7 دن قبل راضی نامہ موصول ہو جاتا ہے تو کمپنی اس علاقے میں (اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط) ممبران کی سہولت کے لیے ویڈیو کانفرنس کے انعقاد کے لیے اقدامات کرے گی۔ اس سہولت کے حصول کے لیے کمپنی کو مندرجہ ذیل ایڈریس پر درخواست موصول ہو جانا چاہیے۔

کمپنی سیکریٹری<br>اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ<br>ڈی۔70، بلاک 4، کہکشاں 5، کلفٹن، کراچی

▲

40cmx4col.